# 1۔بلائے ہوئے اور بخشے ہوئے لوگ: جو مسیح یسوع کے نام میں جمع ہوئے ہیں۔

## 1.1۔خدائے ثالوث کے بلائے ہوئے:

خدا کے لوگ مبارک ہیں۔ جو گہرے طور پر واقف ہیں کہ وہ خدائے ثالوث یعنی باپ، بیٹے اور روح القدس کے بلائے ہوئے اور مخاطب کردہ ہیں، جو اپنے کلام اور روح کے ذریعے کلیسیاء کو جمع کرتا ہے، محفوظ رکھتا ہے اور دیکھ بھال کرتا ہے(1)۔جلال اور حشمت کا خدا جو کامل طور پر مسیح یسوع میں ''اندیکھے خدا کی صورت'' (کُلسیوں 15:1) ظاہر ہوا۔

مبارک ہے وہ کلیسیا جو شکر گذاری کیساتھ اعتراف کرتی ہے کہ خدائے ثالوث نہ صرف ہماری عبادت وحمد وثناء کو قبول کرتا ہے بلکہ اسے ممکن بھی بناتا ہے روح القدس کے ذریعے ہمیں ترغیب دیتا ہے اور مسیح یسوع کی کامل کہانت کے وسیلہ ہماری قربانی کی تقدیس کرتا ہے جس نے اپنی زمینی زندگی کے دوران ہمیشہ ''باپ کی'' حمد کی ''روح القدس'' کی خوشی میں بھرا رہا (لوقا 10:21) اور اب بھی ''ہماری شفاعت کیلئے ہمیشہ زندہ ہے''۔(عبرانیوں 25:7)

مبارک ہے یہ مجمع جنہوں نے اس بات کا اقرار کیا کہ ایماندار خدا کی عبادت کیلئے اکٹھے ہوں اس لئے نہیں کہ خدا پہلے انہیں برکت دے بلکہ اس لئے کہ خدا انہیں پہلے ہی برکت دے چکا ہے۔

مبارک ہے یہ مجمع جس نے یہ بات معلوم کی جب وہ خدائے ثالوث کی تمجید کرتے ہیں تو خدا واقع ہی انہیں برکت دیتا ہے وہ انہیں تربیت دیتا، پروان چڑھاتا سکھاتا، قائل کرتا، اصلاح کرتا اور مضبوطی عطا کرتا ہے تاکہ ایمانداروں کو کلام کی منادی مشترکہ دعا، بپتسمہ اور عشائے ربانی کے وسیلہ مسیح یسوع اور ایک دوسرے کیساتھ متحد رکھے۔

1۔ہیلبر ہیڈلبرگ کا اقرار

## 1.2۔مشترکہ اجتماع ،خدا کے تمام لوگ:

عبادت گذار کلیسیاء عقلمند ہے جو ''ایک دوسرے کیساتھ جمع ہونے سے باز نہیں آتے'' (عبرانیوں 10:25) بلکہ خدا کا کلام سنانے، حمد کی قربانی گذراننے، دعا کرنے اور عبادتی رسومات منانے کیلئے خوشی سے مسیح یسوع کے نام میں جمع ہوتے ہیں، یہ تمام افعال خدا کے کامل لوگوں کے، یعنی شاہی کاہنوں کے فرقے'' (1 پطرس 2:9) کے ہیں۔

مبارک ہے یہ مجمع جنہوں نے تمام عبادت گذاروں کو دعوت دی ہے بشمول ان سب کے جنہیں ہمارے معاشرے میں مختلف نام دیا جاسکتا ہے جیسا کہ اپاہج سے باشعور/ ہوشمند اور مشترکہ عبادت میں سرگرمی سے حصہ لینے والے پورے دل روح اور ذہن کیساتھ خود کو خدا کیلئے وقف کرنیوالے اس بات سے گہرے طور پر واقفیت رکھنے والے کہ خدا کی تعریف میں گائے جانے والے حمدیہ گیتوں میں انکی شمولیت کا کتنا بڑا حصہ ہے۔

مبارک ہے یہ مجمع جو مسیح کے بدن کیساتھ اپنی رفاقت روح کے اطمینان کے لئے اپنا اتحاد خدا کی بلاہٹ اور نعمت کیساتھ یکتائی کا اظہار اپنی عبادت اور حمد وثناء کے ذریعے کرتے ہیں، جوان اور بوڑھے اور ایمانداروں کو ہر وقت اور ہر جگہ اکٹھا کرتے ہیں۔

جو مسیح یسوع میں خدا کے روح کی مشترکہ بلاہٹ میں شریک ہوتے ہیں۔

2۔گرینڈ زریپڈ کے موقع کیلئے wcrc کا مواد

## 1.3۔روح القدس:

عبادت گذار کلیسیا عقلمند ہے جو دلائل اور جذبات دونوں کے زریعے روحانی نظم وضبط اور حیران کن واقعات دونوں کے ذریعے، جو دونوں یعنی خدمت اور دعا کے لمحوں کے ذریعے پہچان لیتی ہے کہ روح القدس کیسے کام کرتا ہے۔

وہ کلیسیا بابرکت اور دانشمند ہے جو یہ پہچان رکھتی ہے کہ عبادت کی روحانی قوت یا پائیدار اہمیت ہماری تخلیق، تصوارت، ذہانت یا جذبات سے نہیں بلکہ روح القدس کی طرف سے ہوتی ہے جو ان سب میں سے کوئی ایک یا تمام چیزیں استعمال کرسکتا ہے۔

حقیقی طور پر عبادت یا حمد وثناء قبول کرنے کا تحفہ ہے نہ کہ کوشش کی تکمیل۔

## 1.4۔ثقافت کی تائیداورمزاحمت:

عقلمند ہے وہ کلیسیا جو دنیا میں ہے لیکن دنیا کی نہیں ہوتی (یوحنا15:19)انجیل کی عظمت پرسمجھوتہ کرنے والے ثقافتی پہلوؤں کی مزاحمت کرتی ہےاور پُرجوش انداز میں اپنی ثقافت کوانجیل کی خوشخبری کے یسوع کےساتھ ملاتی ہے جو ہرثقافت کیلئے آیا ہے،لیکن کسی ایک ثقافت یا معاشرےتک محدودنہیں ہے۔

پھرایسی کلیسیا دانشمند ہے جومسیح یسوع کی شکرگذار ہے جوکہ بیک وقت تمام معاشرتوں سے ماورا،تمام ثقافتوں سےعلیحدہ تمام ثقافتوں سےمتعلق اور تمام ثقافتوں کےخلاف بھی ہے۔

3۔ثقافت اورعبادت پرلوتھرین ورلڈفیڈریشن نیروبی کابیان

## 1.5۔نجات یافتہ مخلوق کی بھلائی:

عقلمند ہےوہ کلیسیا جواس بات کوواضح کرتی ہے کہ اسکی حمدوثناءتمام مخلوقات کی طرف سےحمدکی قربانی کےگیت میں حصہ دار ہے۔

عقلمند ہےوہ مجمع جوعبادت وحمدثناءکرنے کےاپنے طریقے اپنی وضع انداز اوراشاروں سے اس حقیقت کامجسم اظہارکرتی ہے کہ ہماری تعریف دعا کتاب مقدس، پانی اورروٹی جوخداہمارے لئے مسح کرتا ہے وہ سب خدا کی طرف سےخداکےلوگوں کیلئےتحفہ ہیں۔

## 1.6 خداکےلوگوں کی رہنمائی:

مبارک ہےوہ کلیسیا جوہرجنس، ہرعمر، ہرنسل اورہرطرح کی صلاحیت رکھنے والے اپنے لوگوں کو بلاتی ہے،انکی تربیت کرتی اور انکی صلاحیتوں کی تصدیق کرتے ہوئے انہیں مخصوص تربیت فراہم کرتی ہےاور انکے لئے معتبراورتجربہ کارصلاح گیرمہیا کرتی ہے تاکہ الہیاتی طریقے کے مطابق عبادت کریں۔

مبارک ہیں وہ راہنما جوکلیسیاء کےتمام ارکان کوبھرپور،محتاط اورسرگرم طور پرحصہ لینے کے قابل بناتے ہیں اور(Cf Vatican 1)جولوگ یسوع کے بدن یعنی کلیسیاء کاحصہ نہیں ہیں انکے لئےبھی اپنی فیاضی ظاہر کرتے ہیں۔

## 1.7۔فن کارانہ اظہار:

مبارک ہےوہ کلیسیاءجس میں کلام کی منادی دعائیں اورحمدوثناءنہ صرف لفظی طورپرہوتی ہے بلکہ فن کے ذریعےبھی اسکا اظہارہوتا ہےان نعمتوں کے وسیلے جوخدانے ہرمقامی معاشرےکوعطا کی ہیں یعنی موسیقی اوررقص کے ذریعےتقریر یا خاموشی سےتصویری فن اورفن تعمیر کے وسیلے سے مبارک ہیں وہ سارے فنکارجواپنی نعمتوں کومنظم کرتے ہوئے انکی پیشکش کرتے ہیں تاکہ خداکےلوگ خدا کی بھلائی کی گواہی دے سکیں،اسکی شکر گذاری کریں اورتوبہ کریں۔

مبارک ہیں وہ فنکارجودس احکام میں سےدوسرےحکم اورخداکےحکم کے مطابق بلائے ہوئے بائبل کے فنکاروں کیلئے اور خداکےحکم کےمطابق خداکےلوگوں کی خدمت کیلئے تیار کئے گئے(خروج35:30ff)

مبارک ہیں کلیسیا کےلوگ جوشکرگذاری کیساتھ گذشتہ صدیوں اوردوسری ثقافتوں کےگیتوں اورفنی نمونوں کو،حقیقی وفاداری سےقبول کرتے ہوئے کلیسیاءکی وسیع النظری اورکشادہ دلی کو مانتے ہیں اور نئے گیتوں اورعبادتی کاموں کواپنی تخلیقی صلاحیتوں سےمزیدنکھارتے اورسنوارتے ہیں۔

# 2۔خوشی سےخُداکےکلام کی منادی کرنا:

## 2.1۔کلام اورروح القدس:

مُبارک ہے وہ مُقدس مجمع جو خُدا کے کلام کویقین اورخوشی کیساتھ بیان کرتے ہوئے پُراُمیددُعاؤں میں اورروح القدس کےکاموں کیلئے جووہ خُدا کےلوگوں کے دِلوں اور ذہنوں کو روشن کرنے کیلئے کرتا ہے گہری شکرگذاری سے گھرارہتاہے۔

## 2.2۔کلام کی وسعت،مرکزِمسیح:

عقلمند ہیں مُقدس مجمع کے لوگ جوایمانداروں کی روحانی نشوونما کیلئے خُدا کے کلام یعنی پُرانے یا نئے عہد نامے کی وسعت اور گہرائی سےمتعلق پڑھنے والامواداورواعظین کی تقاریرمقالے مہیا کرتے ہیں جو ہمیشہ مسیح یسوع کی خوشخبری کوبھرپورطورپر بیان کرتے ہیں۔

## 3 . 2۔ گواہی اور آرام، انصاف اور اطمینان کیلئے سامنے آنے کا بلاوا:

مُبارک ہے وہ کلیسیاء جہاں کلام کی منادی کے ذریعے افسردہ اورغمزدہ لوگوں کوتسلی ملتی ہے اور خُدا کی بادشاہی کی مخالفت کرنے والوں کا مقابلہ کیا جاتا ہے۔مبارک ہے وہ خادم جوسُننے والوں کودعوت دیتا ہے کہ وہ خدا کے بھرپور فضل کوحاصل کریں گناہ اور بدی سے توبہ کریں مسیح یسوع کی طرف رجوع لائیں اور امن وفروتنی کا اعلان کریں ''انصاف کرے، اور رحم دلی کو عزیز رکھے اور اپنے خدا کے حضور فروتنی سے چلے'' (میکاہ8:6)

## 2.4۔بت پرستی کی مزاحمت:

عقلمند ہے وہ کلیسیاء جہاں اس طرح سے خدا کے کلام کی منادی ہوتی ہے جو مئوثر انداز میں ان بتوں کی نشاندہی اور مذمت کرتی ہے جنہیں ہم خدا کے علاوہ پوجنے کی آزمائش میں پڑتے ہیں اور خدا کو سمجھنے میں بگاڑ پیدا کرنے والے بتوں سے بھی آگاہ کرتے ہیں۔

مبارک ہے وہ کلیسیا جولوگوں اور یسوع مسیح کے کاموں کو''جو خدا کے جلال کا پرتو اور اسکی ذات کا نقش'' (عبرانیوں3:1) ہے کہ وسیلہ اس بگاڑ پیدا کرنے والی قوتوں کا سامنا کرتی ہے۔

## 2.5۔عقیدہ، اقرار الا ایمان کا جواب:

دانا ہے وہ مقدس مجمع جس میں خوشخبری کے پیغام کوخدا کے کلام کے طور پر قبول کیا جاتا ہے جو آپ میں جو ایمان رکھتے ہیں تاثیر بھی کرتا ہے(ا۔تھلنیکیوں13:2) اور جوگناہوں کے اقرار اور حمد وتعریف توبہ اور خدمت کے عہد، رحمدلی اور انصاف سے لگاؤ، ذاتی اور مشترکہ افعال، نئے طور سے فرمانبرداری اور گہرے طور پر شکر گذاری کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔

مبارک ہے وہ مقدس مجمع جو ایمانداروں کو بلاتا ہے کہ وہ کلیسیا کے ایمان کی جو ہمارے انفرادی تجربات کی تشکیل کرتا اور ہماری زندگیوں کوتبدیل کر کے ہمیں مختلف ثقافتوں اور صدیوں کے ایمانداروں کیساتھ متحد کرتا ہے اور خدا کے کام کی مقامی معاشرے کی زندگیوں میں گواہی دیتا ہے۔

## 3۔دعا اور قربانیوں کے ذریعے خدا کو جواب دینا:

## 3.1۔حمد وثناء اور شکر گذاری:

مبارک ہے وہ کلیسیا جو جو حمد و ثناء اور شکر گذاری (زبور50:14، عبرانیوں13:15) کرتے ہوئے نہ صرف خدا کی خوبصورتی اور جلال کی مدح سرائی کرتی ہے بلکہ قدیم زمانوں میں جو کچھ خدا نے کیا اس سب کو تسلیم کرتے ہوئے اسکا ذکر کرتی اور اس پر غور وفکر کرتی ہے۔

عقلمند ہے وہ مقدس مجمع جو بائبل کی اپنی بیانیہ شکل کی دعاؤں حمد وثناء اور شکر گذاری (زبور136) کوسیکھتے اور تیار کرتے ہیں جو کہ ان کی اپنی دعاؤں کی تشکیل میں مدد دیتی ہیں۔

## 3.2۔روح القدس کے ذریعے، یسوع کے نام میں دعا کرنا:

مبارک ہے وہ کلیسیاء جو ہمارے بلند و برتر اور ہمیشہ موجود رہنے والے خدا کیساتھ ہمارے ملاپ کا اقرار کرتے ہوئے مسیح یسوع کے نام میں دعا مانگتی ہے۔

حمد وستائش کرنیوالی جماعت مبارک ہے جو روح کی نعمتوں کی آرزو رکھتے ہوئے، روح القدس کے وسیلہ سے روح میں دعا کرتی ہے اور اس بات کو مانتی ہے کہ روح ہماری کمزوری میں مدد کرتا ہے، خدا کی مرضی کے موافق ہماری شفاعت کرتا ہے (رومیوں8:27-26) اور آسمانی مقاموں میں رہنے والی شرارت کی روحانی فوجوں (افسیوں 6: 2 1) کے خلاف مزاحمت کرنے میں مدد دیتا ہے

## 3.3۔انسانی تجربہ کا مکمل دائرہ کار:

مبارک ہے وہ کلیسیا جو زبور میں دی ہوئی مثالوں پر عمل کرتے ہوئے خدا سے باایمان، جائز اور بھروسہ مند دعائیں مانگتی ہیں جو انسانی تجربات کے مکمل دائرہ کار کا اظہار کرتی ہیں۔مثلاً دعائیں جو بول کے، گا کے یا خاموشی سے، ناچتے ہوئے ڈرامے کے ذریعے یا تصور کے ذریعے''روح کی تشریح'' (4) کرتی ہیں۔مذہبی رسومات اور روزوں کی بھروسے اور مایوسی، شکر گذاری اور گناہوں کے اقرار، شفا اور امید کی دعائیں وغیرہ مبارک ہے وہ کلیسیا، جو نہ صرف اپنی ضروریات بلکہ باقی دنیا جسے خدا بے

حد محبت کرتا ہے کی ضروریات کیلئے بھی دعا کرتی ہے۔

4 ''روح کی تشریح''، یہ فقرہ جون کیلون کے مزامیر کی تفسیر سے لیا گیا ہے۔

## 3.4۔نذریں اور قربانیاں:

عقلمند ہے وہ کلیسیاء جو عبادت میں نذر کے طور پر اپنا وقت اور صلاحیتیں شکر گذاری سے دینے کی عملی مشق کرتی ہے۔عقلمند ہے وہ کلیسیاء جو اس بات کی پرزور تائید کرتی ہے کہ پوری زندگی خدا کی، پڑوسیوں اور ان ایمانداروں کی خدمت کیلئے گذاری جائے جو خدا کی دی ہوئی ہر نعمت کو استعمال کرتے ہوئے خدا کے خادم ہونے کیلئے بلائے گئے ہیں

# 4۔بپتسمہ اور ضیافت:

## 4.1۔یسوع نے بپتسمہ دینے اور عشائے ربانی منانے کا حکم دیا:

مبارک ہے وہ کلیسیا جو یسوع کے حکم ''سب قوموں کو شاگرد بناؤ اور انکو باپ اور بیٹے اور روح القدس کے نام سے بپتسمہ دو اور ان کو یہ تعلیم دو کہ ان سب باتوں پر عمل کریں جنکا یسوع نے حکم دیا'' (متی 28: 19-20)اور ''میری یادگاری کیلئے کھایا اور پیا کرو''۔(لوقا20-22:19) پرعمل کرتے ہوئے انہیں ایسے اشاروں کے طور پر قبول کرتی ہے جن کے ذریعے خدا ہمیں تقویت دیتا اور ہمت بڑھاتا یا معاونت کرتا ہے، مشکلات کا مقابلہ اور تسلی دیتا ہے، سکھاتا اور تبدیل کرتا ہے۔

## 4.2۔بپتسمہ:

مبارک ہے وہ کلیسیاء جو اس بات علی الاعلان بیان کرتی ہے کہ انکی حقیقی پہچان یسوع مسیح میں پائی جاتی ہے۔مبارک ہے وہ کلیسیا جو یہ بیان کرتی ہے کہ کسطرح سے بپتسمہ کا پانی ہمیں پاک وصاف کرنے، یسوع مسیح کے بدن میں ہمیں قبول کرنے، روح القدس بھیج کر ہمیں نیا بنانے، قوت دینے اور مسیح کیساتھ نئی زندگی میں جلانے کے خدا کے وعدوں کا نشان اور مہر ہے۔

دانشمند ہے وہ کلیسیاء جو بپتسمہ کے مطلب یعنی جلال اور حوصلہ مندی کے ذریعے وفاداری کیساتھ عہد کے اقرار کی پابندی خوشی سے کرتی ہے۔

## 4.3۔عشائے ربانی:

مبارک ہے وہ کلیسیاء جو عشائے ربانی کو شکر گذاری، اتحاد اور امید کے تہوار کے طور پر پابندی سے مناتی ہے مبارک ہے وہ کلیسیاء جو نہ صرف روٹی توڑنے کی رسم کے دوران خدا کی حضوری کو جانتے ہوئے مسیح یسوع میں خدا کے تخلیق اور نجات کے کام کو شکر گذاری سے یاد کرتی ہے بلکہ مسیح یسوع کے ساتھ اور اسکے بدن میں شریک ہونے کے تحفے کو بھی شکر گذاری سے قبول کرتی ہے اور آنیوالے بادشاہی میں ہونیوالی دعوت کی امید کرتی ہے۔

مبارک ہے وہ کلیسیاء جو اس کھانے کو ''مسیح کا بدن جانتے ہوئے'' اسے اسکی کثیر الجہتی یکتائی کے طور پر بانٹتے ہیں اور اسکے ذریعے ایک دوسرے سے الہٰی فضل اور سچائی کے اظہار کے طور پر (ا۔کرنتھیوں 11: 29-33)استعمال کرتے ہیں اور اسکے ذریعے ہمارے لئے خدا کی ضیافت کا اظہار ہوتا ہے جو ہم دنیا میں خدا کی ضیافیت بانٹ کر کرتے ہیں۔

# 5۔یسوع کے نام میں خدمت پر مامور اور مبارک لوگ:

## 5.1۔خدا کے بھیجے ہوئے:

مبارک ہے وہ کلیسیاء جس میں ایماندار خدا کی عطا کردہ برکات سے حوصلہ پاتے ہیں اور یسوع کی خوشخبری سنانے اور یسوع کے نام میں شفا دینے کی قدرت کے طور پر زندگی گذارنے کی خدا کی دشوار ترین بلاہٹ کو قبول کرتی ہے۔

## 5.2۔روزمرہ کی عبادت:

عقلمند ہیں وہ مقدس لوگ جو اپنے ایمان کی نشوونما کیلئے ہر روز تمام ایمانداروں کیلئے دعا کرتے ہیں اور اپنی عبادت میں تلاوت اور کلام پر

توجہ دینے کیلئے روح القدس کی رہنمائی حاصل کرتے ہیں، اپنی دعائیں اور مناجاتیں، زبور، حمد کے اور روحانی گیت گاتے ہوئے ''بالکل خاموشی'' (1 سلاطین 19:12) میں خدا کی آواز سنتے ہیں اور ہر لحمہ خدا کی حضوری میں زندگی گذارتے ہیں۔

## 5.3۔مسافر پروری اور انجیل کی منادی:

مبارک ہیں وہ حلقے جہاں عوامی عبادت اور ذاتی زندگیوں میں مسافر پروری پر عمل کیا جاتا ہے، جہاں اجنبیوں اور مہمانوں کو خوش آمدید کیا جاتا اور اپنے حلقے میں شامل کیا جاتا ہے، جہاں غریبوں اور بمشکل گذارہ کرنیوالوں، بیماروں اور رد کئے ہوئے خدا کے پروں کے نیچے پناہ حاصل کر سکتے ہیں۔

مبارک ہیں وہ حلقے جہاں تمام لوگوں کو بلایا جاتا ہے اور انکے سامنے یسوع کے شاگرد بننے، بپتسمہ لینے اور ایمان قائم کرنے (متی 28:19) کا چیلنج رکھا جاتا ہے۔

## 5.4۔عبادت کی ترتیب:

عقلمند ہیں وہ کلیسیائیں جو ہر عمر اور ہر طرح کی صلاحیت رکھنے والے ایمانداروں کو بلاتی اور انہیں ''یسوع مسیح کے فضل اور عرفان میں بڑھنے'' (۲۔پطرس 18:3) کا چیلنج دیتی ہیں۔

مبارک ہیں وہ کلیسیائیں جو کلام مقدس، روحانی عقائد، طریقہ کار اور روح کے پھل کو باہمی جوابی عمل کے ذریعے پروان چڑھاتی ہیں۔ عقلمند ہیں وہ کلیسیائیں جو عبادت کے طریقوں کی تعلیم کے مطلب پر غور و فکر کے ذریعے عبادت کو گہرے طور پر سمجھتی ہیں۔

## 5.5۔عبادت، ترس اور انصاف:

مبارک ہیں وہ کلیسیائیں جو عوامی عبادتوں میں یسوع مسیح اور خدا کی بادشاہی کے متعلق یسوع کے پیغام کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔ مبارک ہیں وہ کلیسیائیں جنکی مشترکہ عبادت اور عوامی گواہی ایک دوسرے سے ہم آہنگ اور خدا کے کلام کے عین مطابق ہیں جہاں عبادت اور گواہی روح القدس کے کام کا ثبوت ہے مبارک ہیں وہ کلیسیائیں جو روح القدس کی مخلصی دینے والے معجزوں کی تلاش میں رہتی ہیں جو اکیلا ہی ریاکاری پر قابو پاسکتا ہے اور جس کے ذریعے انصاف، امن، عبادت اور گواہی میں حقیقی طور پر مشغول رہا جاسکتا ہے۔

## 5.6۔ مارانا تھا: حمد و ستائش اور مسیحی امید:

مبارک ہیں وہ کلیسیائیں جو صرف موجودہ لمحے میں ہی نہیں رہنا چاہتیں بلکہ جنکی عبادت سے مسیح یسوع میں خدا کی بھرپور فرماں روائی کیلئے تمام مخلوقات کی آہ و زاری کا اظہار ہوتا ہے۔ مبارک ہیں وہ کلیسیائیں جنکی زندگی امید کی مخصوص دعا ''مارانا تھا'' اے خداوند یسوع آ'' کے مجموعے میں شامل ہیں۔